PRESS RELEASE

الیکشن کمیشن آف پاکستان

پریس ریلیز

مورخہ: 3اکتوبر2024

آئین کے آرٹیکل 213 کے تحت موجودہ چیف الیکشن کمشنر صاحب کی تقرری مکمل طور پر آئینی اور قانونی تقاضوں کے مطابق ہوئی ہے۔ وہ30 نومبر 2019 کو سول سروس سے ریٹائر ہوئے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں حالیہ پٹیشن بدنیتی، حقائق کی غلط نمائندگی، بلیک میلنگ اور ہراسانی کے مقاصد کے تحت دائر کی گئی ہے۔ معزز عدالتوں نے پہلے بھی اسی طرح کے دو مقدمات میں ایسی درخواستوں کو مسترد کیا ہے۔ سپریم کورٹ نے 15 ستمبر 2021 کے فیصلے میں واضح کیا تھا کہ موجودہ چیف الیکشن کمشنر صاحب کی تقرری آئین کے تحت طے کردہ اہلیت اور معیار کے مطابق ہوئی ہے۔ لہذا اُس پٹیشن کو سپریم کورٹ نے مسترد کیا تھا۔ اسی طرح، لاہور ہائی کورٹ نے 31 مئی 2024 کو ایک مشابہ درخواست کو مسترد کرتے ہوئے اسے بلاجواز قرار دیا اور درخواست گزار پر 10,000 روپے کا جرمانہ عائد کیا۔ ان فیصلوں سے واضح ہوتا ہے کہ چیف الیکشن کمشنر صاحب کی تعنیاتی آئین کے مطابق ہے اور ان کی تعنیاتی کے خلاف دائر کیے گئے مقدمات بے بنیاد اور بدنیتی پر مبنی ہیں۔

Office Telephone: (+92)(51) (9205611)
Fax: (+92)(51) (9205300)
Address:
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections

MEDIA COORDINATION
& OUTREACH WING